کنٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ

نوٹس نیلام عام برائے فن لینڈ باغ جناح

عوام الناس کو بذریعہ نوٹس ھذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ اپنی جگہ تقریباً 10 کنال واقع باغ جناح برائے فن لینڈ مندرجہ ذیل سہولیات اور آئٹمز کے لیئے نیلام کرنا چاہتا ہے۔
نیلامی بمورخہ 14-12-2026 وقت 02:00PM دفتر ھذا میں منعقد کی جائے گی۔ اگر کسی وجہ سے نیلامی مقررہ دن کو نہ ہو سکی تو نیلامی مورخہ 15-12-2026 کو 02:00 PM کو ہو گی۔
خواہشمند حضرات اس نادر موقع سے فائدہ اٹھائیں۔

Description of Gadgets Fun land Facilities	Requirement/restrictions	Reserve Annual Monthly Rent with 10% annual increase	Call Deposit
i. Vintage Train ii Pirate Ship iii. Dodging Cars iv. Toddler Area v. Ferries Wheel vi. Kiddy Rides Or any other facilities to be added with the approval of Board	State of the Art to be certified by Mechanical Engineer (registered with PEC) to ascertain the fitness of installed gadgets for public safety to be verified by the concerned firm / Department.	Rs. 60,00,000/-	Rs. 6,00,000/-

شرائط:

1. نیلامی مقررہ تاریخ کو شروع ہو گی۔ وہ حضرات جنہوں نے کال ڈیپازٹ بنام کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر نوشہرہ بمع قومی شناختی کارڈ جمع کروایا ہو وہی بولی میں حصہ لے سکیں گے۔ ایسا شخص یا فرم جو کینٹ بورڈ نوشہرہ کا نادہندہ / بلیک لسٹ یا کسی مقدمہ بازی میں ملوث ہو گا وہ بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہو گا۔
2. نیلامی فن لینڈ باغ جناح مقررہ ماہانہ کرایہ -/5,00,000 روپے سے شروع ہو گی۔
3. نیلامی ماہانہ کرایہ کی بنیاد پر ہو گی اور ماہانہ کرایہ میں 10 فیصد سالانہ اضافہ کیا جائے گا۔ کرایہ داری حقوق 05 سال کے لیے ہوں گے جو قبضہ کی تاریخ سے شروع ہو گی۔ 05 سال کی میعاد ختم ہونے کے بعد کینٹ بورڈ فیصلہ کریگا کہ آیا فن لینڈ کو دوبارہ نیلام کیا جائے یا موجودہ کرایہ دار کو دیا جائے۔ اگر بورڈ موجودہ کرایہ دار کو فن لینڈ دینے کا فیصلہ کرتا ہے تو کرایہ داری کی مدت میں 02 دفعہ توسیع 05 سال کیلئے کر سکتا ہے۔ جس میں توسیع کے پہلے سال کم از کم 25٪ اضافہ ہو گا۔ اور اس کے بعد ہر سال 10 فیصد یا مارکیٹ کے مطابق اضافہ ہو گا۔
4. اول نمبر اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ گان کے علاوہ باقی تمام بولی دہندہ گان کو ان کے کال ڈیپازٹ نیلامی کے اختتام پر اگلے روز واپس کر دیئے جائیں گے۔
5. قبضہ فن لینڈ کرایہ داری کی حتمی منظوری بورڈ سے ملنے کے بعد 07 دن کے اندر معاہدہ کرایہ داری کی تکمیل اور تین ماہ کا کرایہ بطور سیکیورٹی جمع کرنے کے بعد دیا جائے گا۔ بصورت دیگر پہلے سے جمع شدہ زر بیعانہ کی رقم بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لی جائی گی اور ٹھیکہ کو دوسری نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کو بورڈ کی منظوری کے بعد دیا جائے گا۔ اگر دوسرے نمبر پر آنے والا بولی دہندہ بھی سیکورٹی رقم کی ادائیگی میں ناکام ہوا تو اس کا کال ڈیپازٹ بھی بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر دیا جائے گا اور ٹھکیہ دوبارہ نیلام کیا جائیگا۔ جس پر بولی دہندہ کو اعتراض کرنے کا کوئی قانونی حق حاصل نہ ہو گا۔
6. کرایہ ہر ماہ کی 10 تاریخ تک ایڈوانس ادا کرنے کا پابند ہو گا۔
7. کامیاب بولی دہندہ فن لینڈ کسی دوسری پارٹی یا فرد کو کرایہ داری حقوق بورڈ کی منظوری کے بعد مجوزہ ٹرانسفر فیس کی ادائیگی کے تحت ٹرانسفر کر سکتا ہے۔ اور کرایہ داری کی بقایا مدت کے لئے نئے کرایہ دار کے ساتھ کرایہ داری کا معاہدہ کیا جائے گا۔
8. کامیاب بولی دہندہ مروجہ قانون کے مطابق ایڈوانس انکم ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہو گا۔
9. زیرو تنخلی یا بورڈ وجہ بتائے بغیر بولی کو منظور یا مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔
10. کینٹ بورڈ انتظامیہ ماہانہ کرایہ کی عدم آدائیگی کی صورت میں اطلاع دے کر ٹھیکہ کا چارج لے سکتی ہے اور ٹھیکہ کینسل کر کے دوبارہ نیلام کیا جائے گا۔
11. کامیاب بولی دھندہ فن لینڈ کی حدود میں سیکورٹی کا خود ذمہ دار ہو گا۔
12. جھولوں کے وصولی ریٹس کرایہ دار یا فرم کنٹونمنٹ بورڈ کے مشورے سے لاگو کرنے کا پابند ہو گا۔
13. کامیاب بولی دھندہ کو تمام یوٹیلٹی بلز خود ادا کرنے ہونگے۔ فن لینڈ کے حدود میں مناسب لائٹس کی فراہمی ٹھیکہ دار کی ذمہ داری ہو گی۔
14. کامیاب بولی دھندہ فن لینڈ کی جگہ کو کسی بھی دیگر مقاصد کے لیئے بغیر کنٹونمنٹ بورڈ کی منظوری کے استعمال نہیں کر سکے گا۔
15. کامیاب بولی دھندہ فنڈ لینڈ کی جگہ کو بہتر حالت میں رکھنے اور صفائی کا خود ذمہ دار ہو گا۔
16. فن لینڈ میں تمام سہولیات مثلاً واش رومز لیڈیز اور جنٹس ٹھیکہ دار کے ذمہ ہونگے۔
17. ٹھیکہ کے مدت پوری ہونے کے بعد تمام بلڈنگ اسٹرکچر کینٹ بورڈ کی ملکیت ہو گی۔
18. نیلامی پیپر ارولز 2004 کے مطابق ہو گی اور اشتہار پیپر اویب سائٹ پر بھی دیکھا جا سکتا ہے۔
19. معاہدہ کے دیگر قوائد وضوابط دفتر ھذا سے معلوم کئے جا سکتے ہیں۔

الشتہر:-

کینٹ ایگزیکٹو آفیسر نوشہرہ کینٹ

0923-9220087